Institute الهداية Al-Hidayah

ہدایت پر ثابت قدمی کی دعائیں

- اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ [الفاتحة: 6]

  اے اللہ ہمیں سیدھا راستہ دکھا

- رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ [سورة آل عمران: 8]

  اے ہمارے رب! جب تو نے ہمیں ہدایت دے دی ہے تو ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر ،بے شک تو بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے

- رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ [سورة الأعراف: 126]

  اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمیں مسلمان فوت کرنا

- اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْإِيمَانَ وَزَيِّنْهُ فِي قُلُوبِنَا وَكَرِّهْ إِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ [صحيح الأدب المفرد:541]

  اے اللہ !ایمان کو ہمارے لیے محبوب بنا دے اوراسے ہمارےدلوں میں مزین کردے اور کفر ،نافرمانی اور گناہوں کوہمارے لیےناپسندیدہ بنادے

- اَللّٰهُمَّ اهْدِنِي وَسَدِّدْنِي [صحيح مسلم:2725]

اے اللہ مجھے ہدایت عطا فرما اور سیدھا رکھ

- (اَللّٰهُمَّ) يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِىْ عَلَى دِيْنِكَ

[سنن الترمذی، کتاب الدعوات ،(دعا :یا مقلب القلوب...) : 3522) صحیح]

(اے اللہ) اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ

- اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

[صحیح مسلم،کتاب الذکروالدعائ، باب فی الأدعیة : 6904]

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے ہدایت، تقوٰی، پاکدامنی اور بے نیازی کا سوال کرتا ہوں

- اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلَى طَاعَتِكَ

[صحیح مسلم،کتاب القدر، باب تصریف اللّٰہ القلوب کیف شاء : 6750]

اے اللہ ! دلوں کو پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت کی طرف پھیر دے

- اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِى الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ [مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، ج : 10، ص : 206]

اے اللہ ! سب کاموں میں ہمارا انجام اچھا کر اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے بچا

- اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُكَ الثَّبَاتَ فِی الْاَمْرِ، وَ الْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ، وَ اَسْاَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَ عَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَ اَسْاَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ، وَ حُسْنَ عِبَادَتِكَ، وَ اَسْاَلُكَ قَلْباً سَلِیْماً، وَ لِسَاناً صَادِقاً، وَ اَسْاَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ، وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ، وَ اَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ

[السلسلة الصحيحة:3228]

اے اللہ! میں تجھ سے دین پر ثابت قدمی اور ہدایت پر پختگی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنے والے اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والے امور کا سوال کرتا ہوں،میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکرادا کرنے اور اچھے انداز میں عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں،میں تجھ سے قلب سلیم اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے،ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور تجھ سے (ان تمام گناہوں کی)بخشش چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہیں،بیشک تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے

- اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لاَ يَخْشَعُ وَدُعَاءٍ لاَ يُسْمَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لاَ تَشْبَعُ وَمِنْ عِلْمٍ لاَ يَنْفَعُ أَعُوذُ بِكَ مِنْ هَؤُلاَءِ الأَرْبَعِ [جامع الترمذی: 3482]

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے دل سے جو نہ ڈرتا ہو (یعنی جس میں خوف الٰہی نہ ہو) اور ایسی دعا سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں جو سنی نہ جائے، اور اس نفس سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں جو سیر نہ ہو، اور ایسے علم سے بھی تیری پناہ چاہتا ہوں جو فائدہ نہ پہنچائے، اے اللہ! میں ان چاروں چیزوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں

- اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ، اِهْدِنِىْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ، اِنَّكَ تَهْدِىْ مَنْ تَشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُسْتَقِيْمٍ

[صحیح مسلم ، کتاب صلاۃ المسافرین :1811]

اے اللہ ! جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کے رب ، آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، غائب اور حاضر کے جاننے والے، تو اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، اختلاف کی ان باتوں میں تو مجھے اپنی توفیق سے حق کی راہ دکھا کیونکہ تو ہی جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے

- اَللّٰهُمَّ لَكَ أَسْلَمْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِعِزَّتِكَ لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ أَنْ تُضِلَّنِي أَنْتَ الْحَىُّ الَّذِي لاَ يَمُوتُ وَالْجِنُّ وَالإِنْسُ يَمُوتُونَ

[صحیح مسلم:2717]

اے پروردگار! میں تیرا فرمانبردار ہو گیا اور تجھ پر ایمان لایا اور تجھ پر بھروسا کیا اور تیری طرف رجوع کیا اور تیری مدد سے دشمنوں سے لڑا اے مالک میرے! میں تیری عزت کی پناہ مانگتا ہوں کوئی برحق معبود نہیں سوائے تیرے، اس بات سے کہ تو بھٹکا دے مجھ کو، تو وہ زندہ ہے جو کبھی نہیں مرتا، جن اور آدمی مرتے ہیں

- اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّفَوْقِیْ نُوْرًا وَّتَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّعَصَبِیْ نُوْرًا وَّلَحْمِیْ نُوْرًا وَّدَمِیْ نُوْرًا وَّشَعْرِیْ نُوْرًا وَّبَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا، اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا [مشكاة المصابيح، كتاب الصلوة :1195]

اے اللہ ! ڈال دے میرے دل میں نور، میری آنکھوں میں نور، میرے کانوں میں نور، میرے دائیں نور، میرے بائیں نور، میرے اوپر نور، میرے نیچے نور ، میرے آگے نور، میرے پیچھے نور اور بنا دے میرے لیے نور، میری زبان میں نور اور بنا دے میرے پٹھے نورانی، میرا گوشت نورانی، میرا خون نورانی، میرے بال نورانی ، میری جلد نورانی اور ڈال دے میرے نفس میں نور اور بڑھا دے میرے لیے نور، اے اللہ! مجھے نور عطا فرما

- اَللّٰهُمَّ ! إِنِّي أَسْأَلُكَ عَمَلاً بِالْحَسَنَاتِ ، وَتَرْكًا لِلْمُنْكَرَاتِ ، وَإِذَا أَرَدْتَ فِي قَوْمٍ فِتْنَةً وَأَنَا فِيهِمْ ؛ فَاقْبِضْنِي إِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُونٍ [السلسلة الصحيحة:3169]

اے اللہ ! بے شک میں تجھ سے نیکیاں کرنے اور برائیوں کو ترک کر دینے کاسوال کرتا ہو ں اور جب تو لوگوں کو فتنے میں مبتلا کرنا چاہے اور میں وہاں موجود ہو ں تومجھے فتنے سے بچا کر اپنے پاس بلا لینا

- اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ قَلْبِي بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِي مِنْ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنْ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

[صحیح البخاری: 6368]

اے اللہ! میرے دل کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو خطاؤں سے صاف کر دے جیسا کہ سفید کپڑے کو میل سے صاف کرتا ہے اور میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنی دوری کر دے جتنی دوری تو نے مشرق و مغرب میں رکھی ہے

- اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ إِلَيْنَا الْإِيمَانَ وَزَيِّنْهُ فِي قُلُوبِنَا وَكَرِّهْ إِلَيْنَا الْكُفْرَ وَالْفُسُوقَ وَالْعِصْيَانَ وَاجْعَلْنَا مِنَ الرَّاشِدِينَ اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ وَأَحْيِنَا مُسْلِمِينَ وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِينَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُونِينَ [صحیح الادب المفرد:/541]

اے اللہ! ایمان کو ہمارے لیے محبوب بنا دے اوراسے ہمارے دلوں میں مزین کر دے اور کفر، فسق اور عصیان کو ہمارے لیے ناپسندیدہ بنا دے اور ہمیں سیدھی راہ پر چلنے والا بنا، اے اللہ! ہمیں مسلمان ہی رکھ کر فوت کر اور مسلمان ہی (بنا کر) زندہ رکھ اور ہمیں صالحین سے ملا دے اس حال میں کہ نہ ہماری رسوائی ہو اور نہ ہم فتنے میں پڑیں

- اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبِ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ اَحْيِنِىْ مَاعَلِمْتَ الْحَيَاةَخَيْرًا لِّىْ وَتَوَفَّنِىْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِّىْ،اللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ خَشْيَتَكَ فِى الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ واَسْئَلُكَ كَلِمَةَ الْحَقِّ فِى الرِّضَاءِ وَالْغَضَبِ وَاَسْئَلُكَ الْقَصْدَ فِى الْفَقْرِوَالْغِنَى وَاَسْئَلُكَ نَعِيْمًا لَّا يَنْفَدُ وَاَسْئَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَّا تَنْقَطِعُ وَاَسْئَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ وَاَسْئَلُكَ بَرْدَ الْعَيْشِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَاَسْئَلُكَ لَذَّةَ النَّظَرِاِلَى وَجْهِكَ وَالشَّوْقَ اِلَى لِقَاءِكَ فِىْ غَيْرِضَرَّاءَ مُضِرَّةٍ وَّلَا فِتْنَةٍ مُّضِلَّةٍ، اللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِيْنَةِ الْاِيْمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُّهْتَدِيْنَ (سنن النسائی، کتاب السهو : 1306)

اے اللہ! تو اپنے علم غیب اور مخلوق پر اپنی قدرت کی بدولت، مجھے زندہ رکھ جب تک تو سمجھتا ہے کہ میرے لیے زندہ رہنا بہتر ہے اور مجھے موت دے جب تک تو سمجھتا ہے کہ میرے لیے موت بہتر ہے اے اللہ! اور میں غیب اور حاضر میں تجھ سے ڈرتے رہنے کا سوال کرتا ہوں، رضامندی اور غضب کی حالت میں حق بات کہنے کی توفیق چاہتا ہوں، محتاجی اور غنی میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں ، نہ ختم ہونے والی نعمت مانگتا ہوں، نہ منقطع ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک مانگتا ہوں ، تقدیر کے فیصلے پر راضی رہنے کا سوال کرتا ہوں ، موت کے بعد اچھی زندگی کا طالب ہوں ، تیرے چہرے کی طرف دیکھنے کی لذت کا آرزو مند ہوں، تیری ملاقات کا شوق رکھتا ہوں بغیر کسی نقصان پہنچانے والی تکلیف کے اور بغیر گمراہ کرنے والے فتنہ کے ، اے اللہ! تو ہم کو ایمان کی زینت سے مزیّن کر دے اور ہم کو ہدایت یافتہ لوگوں کا رہنما بنا دے

- اَللّٰهُمَّ زَيِّنَّا بِزِينَةِ الْإِيمَانِ وَاجْعَلْنَا هُدَاةً مُهْتَدِينَ [سنن النسائی:1305]

اے اللہ! ہمیں ایمان کی زینت سے مزین کر دے اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں کا راہ نما بنا دے

- (اَللّٰهُمَّ إِنِّي) أَسْأَلُكَ الرِّضَاءَ بَعْدَ الْقَضَاءِ [سنن النسائی :1305]

اے اللہ ! میں تجھ سے فیصلوں کے بعد (ان پر) رضا مندی کا سوال کرتا ہوں

- اَللّٰهُمَّ أَسْتَهْدِيكَ لِأَرْشَدِ أَمْرِي وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي

[مسند احمد :16269]

اے اللہ! میں تجھ سے اپنے معاملات میں رشد و ہدایت کا طلب گار ہوں اور اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں

Jan 2026

Email: alhidayahinstitute36@gmail.com
Youtube : Al-Hidayah Institute
Instagram: al.hidayah.institute36
Facebook: Al-Hidayah Institute